**23-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے NEET-UG امتحان میں مبینہ پیپر لیک معاملے میں ایف آئی آر درج کرکے تحقیقات شروع کر دی ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سیلاب کے بہتر بندوبست کیلئے دریاؤں کے آبی سطح کے پیشگوئی نظام کو جدید تر بنانے کیلئے کوششیں کی جانی چاہئیں۔

☆ نئے منتخبہ ارکانِ پارلیمنٹ کی حلف برداری کے ساتھ 18 ویں لوک سبھا کا اجلاس کل شروع ہو رہا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے سُکما ضلع میں EID دھماکے میں کوبرا فورس کے دو جوان ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اسرو نے Reusable لانچ وہیکل Pushpak کی حتمی لینڈنگ کا کامیاب تجربہ کیا۔

☆ اور...... خواتین کرکٹ میں بینگلورو میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 6 وکٹ سے ہرایا۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**CBI NEET Exam**

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے NEET-UG امتحان میں مبینہ پیپر لیک معاملے میں ایف آئی آر درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہے۔ CBI ذرائع کے مطابق یہ FIR وزارت تعلیم کے اعلیٰ تعلیم کے محکمے کے ڈائریکٹر کی شکایت پر درج کی گئی ہے۔ معاملے کی تحقیقات کے لیے CBI کی جانب سے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جنہیں پٹنہ اور گودھرا بھیجا جا رہا ہے جہاں مقامی پولیس نے بھی کیسز درج کئے ہیں۔ FIR میں کہا گیا ہے کہ NEET-(UG) 2024 کا امتحان گزشتہ ماہ کی 5 تاریخ کو امتحانات کا انعقاد کرنے والی قومی ایجنسی NTA کے ذریعہ منعقد کیا گیا تھا اور 23 لاکھ سے زیادہ امیدواروں نے اس امتحان میں شرکت کی تھی۔

شکایت میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس امتحان کے انعقاد کے دوران بعض ریاستوں میں کچھ مختلف واقعات پیش آئے۔ وزارت تعلیم نے CBI سے درخواست کی ہے کہ وہ مبینہ بے ضابطگیوں کے تمام پہلوؤں کی جامع تحقیقات

کرے۔ وزارت نے CBI سے امتحان کے انعقاد سے وابستہ سرکاری ملازمین کے کردار کی تحقیقات کرنے کی بھی درخواست کی ہے۔ CBI اس معاملے میں ملک بھر میں درج مقدمات کی جامع تحقیقات اور بڑی سازش کو بے نقاب کرنے کے لیے بھی اقدامات کر رہی ہے۔ گزشتہ روز وزارت تعلیم نے امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کا معاملہ جامع تحقیقات کے لیے مرکزی تحقیقاتی بیورو کو سونپ دیا تھا۔x

## NEET Retest

NEET-UG امتحان میں بیٹھنے والے اُن ایک ہزار 563 طلبا کا دوبارہ امتحان آج ہوا جنھیں Grace مارکس یا تلافی کے طور پر نمبر دیئے گئے تھے۔ وزارتِ تعلیم کے مطابق چھتیس گڑھ، گجرات، ہریانہ، میگھالیہ اور چنڈی گڑھ میں 7 مراکز پر دوبارہ امتحان منعقد کیے گئے۔ ایک ہزار 563 امیدواروں میں سے 813 امیدوار ٹیسٹ میں حاضر ہوئے جبکہ 750 امیدواروں نے امتحان میں حصہ نہیں لیا۔ NTA کی اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کی رپورٹ پر سپریم کورٹ کے مشاہدے کے مطابق ان طلبا کا دوبارہ امتحان کرانے کا یہ فیصلہ کیا گیا۔ تمام ایک ہزار 563 طلبا کو دیئے گئے Grace Marks یا تلافی نمبرات منسوخ سمجھے جائیں گے، جو متاثرہ طلبا جو دوبارہ امتحان نہیں دینا چاہتے، ان کے نتیجے کا اعلان گزشتہ ماہ کی 5 تاریخ کو کرائے گئے امتحان میں حاصل ہونے والے اصل نمبروں کی بنیاد پر کیا جائے گا۔x

## Amit Shah Flood

وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے آج نئی دلّی میں سیلاب سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ مرکزی وزیر داخلہ نے ملک میں سیلاب کے خطرے کو کم کرنے کیلئے ایک جامع اور دور رس پالیسی وضع کرنے کیلئے طویل مدتی اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران جناب شاہ نے متعلقہ محکموں کو سکّم اور منی پور میں آئے حالیہ سیلاب کا تفصیلی مطالعہ کرنے اور وزارت داخلہ کو رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی۔ انھوں نے کہا کہ شمال مشرق میں کم سے کم 50 بڑے تالاب تعمیر کیے جائیں تاکہ دریائے برہمپتر کے پانی کو موڑ کر اِن تالابوں میں ذخیرہ کیا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے زراعت، آبپاشی اور سیاحت کو مدد ملے گی اور مقامی معیشت کو فائدہ پہنچے گا۔

جناب شاہ نے گلیشئر جھیل کے ٹوٹنے سے آنے والے سیلاب سے نمٹنے کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔ انھوں نے سیلاب اور آبی بندوبست کیلئے مختلف ایجنسیوں کے ذریعے خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اسرو کے ذریعہ فراہم کردہ سیٹلائٹ تصاویر کے زیادہ سے زیادہ استعمال پر بھی زور دیا۔ انھوں نے بھارتی محکمۂ موسمیات اور مرکزی آبی کمیشن کو سیلاب کی پیشگوئی میں استعمال ہونے والے تمام آلات کے تجدیدی عمل کو مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ انھوں نے تمام بڑے پشتوں کے دروازے کو بہتر حالات میں ہونے کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی۔ انھوں نے کہا مرکزی آبی کمیشن کے سیلاب کی نگرانی کرنے والے مراکز کو ملک کی ضرورتوں اور بین الاقوامی معیارات کے مطابق ہونے چاہئیں۔

جناب شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں قدرتی آفات کے بندوبست کا نظام صفر

جانی نقصان کے نقطۂ نظر کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی اتھارٹی NDMA اور ماحولیات و جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت کو جنگل میں آگ لگنے کے واقعات کو روکنے کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی بھی ہدایت دی۔

اِس میٹنگ میں جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل، امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیانند رائے، مرکزی داخلہ سکریٹری کے علاوہ متعدد وزارتوں اور محکموں کے سکریٹریز اور اعلیٰ عہدیداران نے شرکت کی۔ x

## Bihar CBI Attack

بہار کے نوادہ ضلع کے راجولی پولیس اسٹیشن کے تحت Kasiadih گاؤں میں آج کچھ مقامی لوگوں نے CBI ٹیم پر حملہ کیا۔ دلّی سے CBI کی ایک ٹیم UGC-NET امتحان کے پیپر لیک معاملے کی جانچ کیلئے گاؤں پہنچی تھی۔ مقامی لوگوں نے CBI ٹیم کی پولیس گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچایا۔اِس دوران،، بہار پولیس نے NEET-UG پیپر لیک معاملے میں 6 ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ انہیں آج پٹنہ میں Economic Offence Unit (EOU) کی نامزد عدالت میں پیش کیا گیا۔ EOU نے کل جھارکھنڈ کے دیوگھر سے چھ ملزمان کو گرفتار کیا تھا۔x

## Parliament Session

18 ویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس کل شروع ہورہا ہے۔ BJP کے سرکردہ ممبر پارلیمنٹ Bhartruhari Mahtab کو عبوری اسپیکر مقرر کیا گیا ہے۔ وہ لوک سبھا کے نئے منتخب ارکان پارلیمنٹ کو حلف دلائیں گے۔ لوک سبھا کے نئے اسپیکر کا انتخاب اِس مہینے کی 26 تاریخ کو کیا جائے گا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 27 جون کو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔ راجیہ سبھا کا اجلاس اِس مہینے کی 27 تاریخ کو ہی شروع ہوگا۔ پارلیمنٹ کا یہ اجلاس اگلے مہینے کی 3 تاریخ کوختم ہوجائے گا۔ x

## Chhattisgarh Blast

چھتیس گڑھ میں آج سُکما ضلعے میں IED دھماکے میں Commando Battalion for Resolute Action، کوبرا کے دو جوان ہلاک ہوگئے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ یہ واقعہ آج سہ پہر تقریباً 3 بجے اُس وقت پیش آیا جب سیکورٹی کے اہلکار Silger کیمپ سے Teklagudam کیمپ جا رہے تھے۔ دونوں کیمپ Jagadonga پولیس اسٹیشن کے تحت آتے ہیں۔ بَستر پولیس کے ذریعے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق 201 کوبرا بٹالین کے اہلکار ایک موٹر سائیکل پر اور ایک ٹرک پر سوار ہوکر جا رہے تھے تبھی یہ دھماکہ ہوا۔ x

## Karnataka-ISRO

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے، اسرو نے کہا ہے کہ Reusable Launch Vehicle 'Pushpak' کا تیسرا اورحتمی لینڈنگ کا تجربہ آج کامیاب رہا۔ لینڈنگ کا یہ تجربہ آج صبح کرناٹک کے چترٗدرگ میں ایرونائیکل ٹیسٹ

رینج میں کیا گیا۔ سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر اسرو نے ایک ٹوئیٹ میں کہا کہ RLV LEX-03 نے شدید ہوا کے حالات باوجود کامیاب لینڈنگ کی صلاحیت کا دوبارہ مظاہرہ کیا۔ Chinook ہیلی کاپٹر نے رن وے سے ساڑھے چار کلو میٹر کی بلندی پر 'Reusable Launch Vehicle 'Pushpak کو چھوڑا۔نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج 'Pushpak' کے آخری آزمائش کی تکمیل پر اسرو کی کوششوں کی ستائش کی ہے۔ جناب جوشی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اسرو کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اسرو کی جدت طرازی کی مسلسل کوشش، بھارت کو خلائی تحقیق میں نئی بلندیوں تک لے جارہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ ملک کیلئے نہایت قابل فخر لمحہ ہے۔x

## Nirmala Hooch Tragedy

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے تمل ناڈو شراب سانحے کے معاملے میں کانگریس پر زبردست تنقید کی۔ انھوں نے کہا کہ 56 افراد ہلاک ہوگئے اور 200 سے زائد افراد اب بھی تشویشناک حالت میں اسپتال میں زیر علاج ہیں، لیکن کانگریس نے اس معاملے پر ایک لفظ بھی نہیں کہا۔محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ کانگریس کے سینئر لیڈر کہاں ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ کانگریس نے چناؤ محض اِس لیے لڑا کہ اُسے جیت کا یقین تھا۔ وزیر خزانہ نے اس پورے معاملے کی CBI کے ذریعے جانچ کرائے جانے کا مطالبہ کیا۔x

## BJP Hooch Tragedy

BJP نے آج تمل ناڈو میں زہریلی شراب کے معاملے میں خاموشی اختیار کرنے پر کانگریس، DMK اور آئی این ڈی آئی اتحاد پر سوال اٹھایا ہے۔ آج نئی دلّی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے پارٹی کے قومی ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ زہریلی شراب کا سانحہ تمل ناڈو کے درج فہرست ذاتوں کی زیادہ آبادی والے گاؤں Karunapuram میں پیش آیا، جو انتہائی پریشان کن ہے۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی اور آئی این ڈی آئی اتحاد کے رہنما، اِس معاملے میں خاموش ہیں۔ x

## Jaishankar

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج ابوظہبی میں Bochasanwasi Akshar Purushottam سوامی نارائن سنستھا ہندو مندر کا دورہ کیا۔ مشرقِ وسطیٰ میں واقع پتھروں سے تعمیر کردہ پہلے روایتی ہندو مندر کا اُن کا یہ دورہ بھارت اور متحدہ امارات کے درمیان بڑھتے ہوئے ثقافتی اور سفارتی تعلقات کو اجاگر کرتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے گزشتہ فروری کو اِس مندر کا افتتاح کیا تھا۔ یہ مندر تیزی کے ساتھ خلیجی خطے میں مذہبی رواداری اور گونا گونیت کی علامت بن گیا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر کا دورہ، بھارتی برادری اور بین الاقوامی تعلقات کو فروغ دینے میں اُس کے کردار کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر کا متحدہ عرب امارات کے اپنے ہم منصب شیخ عبد اللہ بن زائد النہیان کے ساتھ میٹنگ کرنے کا بھی پروگرام ہے۔ دونوں رہنما بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان جامع کلیدی ساجھیداری کے تمام تر پہلوؤں اور علاقائی اور عالمی حالات و واقعات کا جائزہ لیں گے۔x

## Mayawati BSP Meeting

بہوجن سماج پارٹی کی صدر مایاوتی نے 2024 کے حالیہ لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے تجزیے کیلئے آج ایک جائزہ میٹنگ منعقد کی۔ لکھنؤ میں BSP کے دفتر میں منعقدہ اس میٹنگ میں قومی سطح کے پارٹی اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس میٹنگ میں BSP صدر مایاوتی نے اپنے بھتیجے آکاش آنند کو اپنا سیاسی جانشین مقرر کیا اور اُنہیں پارٹی کے قومی رابطہ کار کی ذمہ داری بھی سونپی۔x

## Jharkhand BJP Meeting

مرکزی وزیر اور جھارکھنڈ کیلئے BJP کے الیکشن انچارج شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ بدعنوان JMM کے زیر قیادت اتحاد کو اقتدار سے بے دخل کرکے BJP ریاست میں آئندہ حکومت تشکیل دے گی۔ جناب شیوراج اور آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے، جو کہ جھارکھنڈ کیلئے معاون الیکشن انچارج ہیں، رانچی میں پارٹی لیڈروں، اراکین اسمبلی، اراکین پارلیمنٹ اور کارکنوں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی تاکہ اس سال کے اواخر میں ریاست میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے حکمت عملی تیار کی جاسکے۔x

## Kolkata STF Arrest

مغربی بنگال پولیس کی خصوصی ٹاسک فورس نے مغربی بردھمان ضلعے میں Panagarh علاقے سے کالج ایک کے طالب علم اور دیگر پانچ افراد کو ایک بنگلہ دیشی دہشت گرد تنظیم کے ساتھ ان کے مبینہ رابطے کیلئے گرفتار کیا ہے۔ کولکاتہ میں ایک سینئر اعلیٰ افسر نے بتایا کہ کمپیوٹر سائنس کے بارھویں جماعت کے طالب علم کو، بنگلہ دیش کی ممنوعہ اسلامی تنظیم Shahadat-e-al-Hiqma کے ساتھ مبینہ رابطے کی بنا پر کل شام اُس کی Panagarh رہائش گاہ سے حراست میں لیا گیا۔ اُس سے پوچھ تاچھ کے دوران حاصل ہوئی معلومات کی بنیاد پر خصوصی ٹاسک فورس کے اہلکاروں نے مغربی برھمان ضلعے میں Nababghat علاقے سے مزید 5 افراد کو گرفتار کیا۔ آفیسر نے بتایا کہ گرفتار نوجوان مغربی اور مشرقی بردھمان ضلعے سے دہشت گرد تنظیم کیلئے نوجوانوں کو بھرتی کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ دُرگاپور ACJM کورٹ کے ذریعے غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ UAPA اور تعزیراتِ ہند کی مختلف شقوں کے تحت زیر حراست نوجوان کے خلاف ایک معاملہ درج کرکے اُسے خصوصی ٹاسک فورس کی تحویل میں 14 دن کیلئے بھیج دیا گیا ہے۔x

## Heat Deaths

دلّی میں جاری شدید گرمی کے سبب گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران لُو لگنے سے صفدر جنگ اسپتال میں ایک شخص کی موت ہوگئی۔ اسپتال کے حکام کے مطابق کل صرف ایک شخص کو لُو لگنے کے سبب اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ سردست صفدر جنگ اسپتال میں 15 مریض ایسے ہیں، جنہیں لُو لگنے کے بعد داخل کرایا گیا ہے۔ اِن میں سے 10 کی حالت نازک ہے۔ گزشتہ 16 جون سے لُو لگنے کے سبب کُل 67 مریضوں کو اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے، جن میں سے اب تک 30 مریض کی موت ہوگئی۔ x

## Ladakh Kargil War

لداخ میں کرگل لڑائی کے سورماؤں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے بھارتی فوج نے Khalubar جنگی میموریل کو سیاحوں کیلئے کھول دیا ہے۔ ملک اِس سال 26 جولائی کو کرگل وجئے دِوس کے 25 سال مکمل ہونے کا جشن منائے گا۔ یہ میموریل Aryan وادی میں واقع ہے اور یہ اُن سپاہیوں کی دلیری اور قربانی کی یاد دلاتا ہے جنھوں نے کرگل جنگ کے دوران وادی کو دشمن کی فوج کے قبضے سے چھڑانے کیلئے لڑائی لڑی تھی۔ فوج کے ساتھ ساتھ مقامی مردوں اور خواتین نے بھی لڑائی میں اہم رول ادا کیا تھا، جس سے وادی کی تاریخی اور ثقافتی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔

## Cricket

بھارتی خواتین ٹیم نے آج شام بنگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں تیسرے اور آخری ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں جنوبی افریقہ کو 6 وکٹ سے ہرا کر سیریز تین-صفر سے اپنے نام کرلی ہے۔ اسٹار اسپن آل راؤنڈ کھلاڑی دیپتی شرما نے 27 رن دے کر دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔Smriti Mandhana نے 83 گیندوں میں شاندار 90 رن بناکر تیسرے ایک روزہ میچ میں بھارت کو آسان جیت دلائی۔ بھارتی ٹیم نے جیت کا 216 رن کا نشانہ 40 اوورس اور 4 گیندوں میں 4 وکٹ کے نقصان پر 220 رن بنا کر حاصل کرلیا۔x

☆☆☆☆☆☆